
25جنوری2022ء

## اسٹیٹ بینک پی این ایس آبدوز ہنگور کی گولڈن جوبلی پر 50 روپے کا یادگاری سکہ جاری کرے گا

پاکستانی بحریہ 1971ء کی جنگ میں اپنی آبدوز ہنگور کی غیر معمولی کارکردگی کی یاد میں 9 دسمبر کو یوم ہنگور مناتی ہے۔ اس سلسلے میں یوم ہنگور کی گولڈن جوبلی منانے کے لیے حکومت پاکستان نے 50 روپے کا یادگاری سکہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ یادگاری سکے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے تمام دفاتر کے ایکسچینج کاؤنٹر سے جاری کیے جائیں گے۔

سکہ گول شکل کا ہے جس کے کناروں پر دندانے ہیں، اس کا قطر 27.5 ملی میٹر اور وزن 11 گرام ہے اور یہ نکل اور پیتل کا بنا ہوا ہے (تانبا 79 فیصد، زنک 20 فیصد اور نکل ایک فیصد)۔

**ڈیزائن کی تفصیلات یہ ہیں:**

<table>
<tr>
<td>
سامنے کا رخ:<br>
سامنے کے رخ پر وسط میں بڑھتا ہوا ہلال اور پانچ نوکوں والا ستارہ ہے۔ ہلال کے اوپر اردو میں کنارے کے ساتھ ساتھ 'اسلامی جمہوریہ پاکستان' کے الفاظ کندہ ہیں جبکہ اجرا کا سال یعنی 2021 ہلال کے نیچے اور گندم کی دو خمیدہ بالیوں کے اوپر تحریر ہے۔ ستارے کے دائیں اور بائیں جانب بالترتیب سکے کی مالیت '50' دبیز حروف میں اور اردو میں 'روپیہ' لکھا ہے۔
</td>
<td>


</td>
</tr>
<tr>
<td>
پچھلا رخ:<br>
سکے کے پچھلے رخ پر اوپر کنارے کے ساتھ ساتھ ''گولڈن جوبلی۔ یوم ہنگور ۹ دسمبر ۱۹۷۱ء'' اردو میں لکھا ہے۔ نیچے پاکستان نیوی کا لوگو اور بیچ میں پاک بحریہ کی 1971ء کی جنگ میں استعمال ہونے والی آبدوز دکھائی گئی ہے۔ سکے کے نیچے کنارے کے ساتھ ساتھ 'پاکستان نیوی آبدوز ہنگور' لکھا ہے۔
</td>
<td>


</td>
</tr>
</table>

*****************